فوری ریلیز کے لیے: 15/5/2023 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے عوامی تحفظ اور ہنگامی مواصلاتی نظام کو بہتر بنانے کے لئے 55$ ملین کی دستیابی کا اعلان کر دیا***

***ریاست کی انٹرآپریبل مواصلات کے لئے 45$ ملین اور گرانٹ فنڈنگ میں عوامی تحفظ کے لئے جوابی اقدام کرنے والے پوائنٹ آپریشنز کے لئے 10$ ملین اب اہل کاؤنٹیوں کے لئے دستیاب ہیں***

***یہ پروگرامز پوری ریاست میں عوامی تحفظ اور ہنگامی مواصلات کے مقامی نظاموں کو جدید بنانے اور بہتر بنانے میں مدد کرنے کے لئے ڈیزائن کیے گئے ہیں***

***دونوں گرانٹ پروگراموں کے لئے درخواست دینے کی آخری تاریخ 26 جون، 2023 ہے۔ اہل درخواست دہندگان یہاں درخواست دے سکتے ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست کے ہنگامی مواصلاتی نظام اور عوامی تحفظ کے لئے جوابی اقدام کرنے والے پوائنٹس کو بہتر بنانے اور انکی دیکھ بھال کے لئے 55$ ملین کے ایک شاندار اقدام کا اعلان کیا۔ 45$ ملین کی اسٹیٹ انٹرآپریبل کمیونیکیشنز فارمولا گرانٹ (State Interoperable Communications Grant, SICG-Formula) ریاست اس قابل بنائے گی کہ وہ پوری ریاست میں ہنگامی مواصلاتی نظام سے وابستہ مختلف سرگرمیوں کے لئے اہل کاؤنٹیوں کو خرچ کردہ رقوم واپس ادا کر سکے۔ 10$ ملین کا پبلک سیفٹی باؤنسنگ پوائنٹ آپریشنز گرانٹ پروگرام کاؤنٹیز کو عوامی تحفظ سے متعلق اہل کالیں وصول کرنے اور ان کی ترسیل کے اخراجات کے لئے ریاستی معاونت حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے۔

"نیویارک میں رہنے والوں کو محفوظ رکھنا میری اولین ترجیح ہے، اور کسی ہنگامی صورتحال کے دوران مؤثر جوابی ردعمل کو یقینی بنانا جہاں ہر سیکنڈ قیمتی ہوتا ہے اس کی اصل روح یہ ہے کہ آپ کے پاس درست ٹولز بھی ہوں اور ہنگامی مواصلاتی نظام جیسے اہم نظاموں کے لئے معاونت بھی ہو، **" گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ فنڈنگ کسی ہنگامی صورتحال میں جوابی ردعمل دینے کی نیویارک کی صلاحیتوں کو مزید مضبوط بنانے کے لئے انتہائی اہم ہے، اور میں ریاست بھر میں کاؤنٹی حکام کی حوصلہ افزائی کرتی ہوں کہ وہ فنڈنگ کے ان مواقع سے فائدہ اٹھائیں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ اولین جوابی اقدام کرنے والوں کے پاس ہماری کمیونٹیز کو محفوظ رکھنے والے ضروری وسائل موجود ہوں۔"

**ریاست نیویارک کی ڈویژن آف ہوم لینڈ سکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کی کمشنرJackie Bray نے کہا،** "جب کوئی مصیبت یا ہنگامی صورتحال آتی ہے، تو یہ انتہائی اہم ہے کہ جس دوران اولین جوابی اقدام کرنے والے برادریوں کے تحفظ اور زندگیوں کو بچانے میں مصروف کار ہوں تو انہیں اس قابل ہونا چاہیے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ بالکل صاف اور واضح طور پر گفت و شنید کر سکیں۔ اس فنڈنگ کے ذریعے پبلک سیفٹی پارٹنرز اس بنیادی انفراسٹرکچر اور ٹیکنالوجی کو اپ گریڈ کرنے کے قابل بن جائیں گے جو مقامی جوابی ردعمل کو مضبوط اور تیز تر بنانے اور محفوظ کمیونٹیز کی تعمیر کے لیے ضروری ہیں۔"

درخواستیں دینے کا عمل اب جاری ہے اور SICG-Formula اور پبلک سیفٹی باؤنس پوائنٹ ( Public Safety Answering Point, PSAP) دونوں پروگراموں کے لئے درخواستیں دائر کرنے کی آخری تاریخ پیر، 26 جون، 2023 ہے۔

دونوں گرانٹ کے مواقع کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، براہ کرم DHSES گرانٹس کا ویب پیج ملاحظہ کریں۔

گورنرHochul نے اس سے قبل پوری ریاست میں ہنگامی صورتحال کے دوران جوابی اقدام کرنے والی سروسز کو بہتر بنانے کے لئے سال 2024 کے بجٹ میں اضافی سرمایہ کاریوں اور اقدامات کا اعلان کیا تھا، بشمول:

- **$105 ملین کے** ریاستی ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کو اپ گریڈ کرنے کے لیے، جو ریاست کے ایسے مرکزی مقام کے طور پر کام کرتا ہے جہاں سے ہنگامی صورتحال کے لیے تیار رہنے اور تمام بڑی ہنگامی صورتحالوں کے دوران جوابی اقدامات کرنے والی سرگرمیوں کے لیے باہمی رابطہ کاری کی جاتی ہے۔
- آگ بجھانے والے رضاکارانہ محکموں کو تعمیر، تزئین و آرائش، یا سہولیات اور آلات کی خریداری کے لیے کیپیٹل گرانٹس فراہم کرنے کے لیے **$25 ملین**
- ایک ایسے فائبر آپٹک کیبل نیٹ ورک کے ذریعے جو ہر کاؤنٹی میں ایک ہی پبلک سروس جوابی اقدام دینے والے مقام سے منسلک ہوگا، نیکسٹ جنریشن 911 پر منتقل ہونے میں کاؤنٹیوں کی مدد و معاونت کے لیے **$20 ملین**۔
- آگ بھجانے والے ایسے رضاکار افراد جنہوں نے بنیادی تربیت مکمل کر لی ہو ریاستی سرمائے سے وظیفے فراہم کرنے کے لیے **$10 ملین**۔

**سٹیٹ انٹر آپریبل کمیونکیشنز فارمولا گرانٹ (SICG-Formula)**
سٹیٹ انٹر آپریبل کمیونکیشنز فارمولا گرانٹ (SICG-Formula) کی توجہ ٹیکنالوجی کے حصول کو اسے آپریشنل طور پر استعمال کرنے والے اولین جوابی اقدام کنندگان کے ساتھ ہم آہنگ کرکے انٹرآپریبل مواصلات میں خلا کو کم سے کم کرنے پر مرکوز ہے، جس سے وہ بنیاد فراہم ہو جاتی ہے جو اعلی درجے والی انٹرآپریبلٹی حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے۔ یہ گرانٹ ریاست کو ایسے اہل اخراجات کی رقوم واپس ادا کرنے کی اجازت دیتی ہے جو مواصلاتی نظام اور اجزاء، تربیت اور مشقوں، اور انتظامی ڈھانچے کو برقرار رکھنے اور بہتر بنانے کی مد میں مقامی علاقوں نے خرچ کیں۔ یہ کاؤنٹی پبلک سیفٹی تنظیموں کی بھی مدد کرتا ہے تاکہ وہ ہنگامی صورتحال میں جوابی اقدامات کو بہتر بنائیں، امریکی محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی ( Department of Homeland Security, DHS) کے نیشنل ایمرجنسی کمیونیکیشن پلان سے صلاحیت اور کارکردگی کے نتائج میں مزید بہتری لائیں، آپریٹنگ طریقہ کار اور بنیادی انفراسٹرکچر ڈویلپمینٹ کو بہتر بنائیں، اور DHS سائبر سیکیورٹی اینڈ انفراسٹرکچر سیکیورٹی ایجنسی (Cybersecurity and Infrastructure Security Agency, CISA) سے SAFECOM رہنمائی حاصل کریں۔
SICG-Formula گرانٹ فنڈنگ میں اہل کاؤنٹیوں اور نیو یارک شہر کے لئے مجموعی طور پر $45 ملین دستیاب ہیں۔

**پبلک سیفٹی آنسرنگ پوائنٹ آپریشنز گرانٹ (PSAP)**
پبلک سیفٹی آنسرنگ پوائنٹ آپریشنز گرانٹ (PSAP) غیر مسابقتی ہے اور ایک ایسے فارمولے کے ذریعہ رقم مختص کرتی ہے جو آپریشنل اسکوپ، ڈیموگرافک عناصر، ایمرجنسی سروسز کال میٹرکس، نئی ٹیکنالوجی کی ڈپلائمینٹ، اور ہنگامی مواصلات کے لئے ریاستی اور قومی رہنما خطوط کی تعمیل سمیت متعدد مختلف معیاروں کی بنیاد پر ایوارڈ یافتگان میں فنڈز کی تقسیم یکساں طور پر کرتا ہے۔ یہ گرانٹ کسی ایوارڈ یافتہ کے موجودہ آپریشنز کی مدد و معاونت کرتی ہے اور اگلی نسل 911 یعنی (Next Generation 911, NG911) ٹیکنالوجیز اور جیوگرافک انفارمیشن سسٹم (Geographic Information System, GIS) ڈیٹا کی ڈویلپمینٹ کی حوصلہ افزائی کرتی ہے جو NG911 کے لئے ضروری ہے۔ PSAP گرانٹ مختلف دائرہ اختیارات کے درمیان آپریشنل اور پروسیجرل

کارکردگیوں اور مجموعی باہمی تعاون کی ترقی کو بھی فروغ دیتی ہے، مثلاً دیگر کاؤنٹیوں اور ریاستی ایجنسیوں کے مابین۔

2022-23 کے ریاستی بجٹ میں PSAPs کے آپریشنز اور بہتری کی مدد کی مدد و معاونت کی مد میں اہل درخواست دہندگان کو $10 ملین کی گرانٹ مختص کی گئی ہے۔ ریاست آپریٹنگ اخراجات بشمول ذاتی اخراجات کی مد میں خرچ شدہ رقوم واپس کرتی ہے۔

###


اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں